# میانمار کی فوج نواز جماعت یو ایس ڈی پی کا قومی انتخابات میں بھاری کامیابی کا دعویٰ

## اہم سیاسی جماعتوں کے ذریعہ بائیکاٹ کیے گئے 'الیکشن' کو مقامی تجزیہ کاروں اور بین الاقوامی مبصرین نے بتایا جمہوری لبادے میں فوجی حکومت کا تسلسل



رنگون، (ایجنسیاں): میانمار کی فوج سے منسلک یونین سالیڈیریٹی اینڈ ڈیولپمنٹ پارٹی (یو ایس ڈی پی) نے دعویٰ کیا ہے کہ اس نے ملک میں 2021 میں فوجی حکومت کے اقتدار سنبھالنے کے بعد ہونے والے پہلے قومی انتخابات میں شاندار کامیابی حاصل کی ہے۔ تاہم متعدد مبصرین ان انتخابات کو محض ایک دکھاوا قرار دے رہے ہیں، کیونکہ میانمار کی کئی اہم سیاسی جماعتوں نے ان کا بائیکاٹ کیا تھا۔ یو ایس ڈی پی کے اس دعوے کے پیچھے مرحلہ وار ووٹنگ کا وہ عمل ہے جسے مقامی تجزیہ کاروں اور بین الاقوامی مبصرین نے سخت تنقید کا نشانہ بنایا ہے اور اسے جمہوری لبادے میں فوجی حکومت کے تسلسل سے تعبیر کیا جا رہا ہے۔

اتوار کو ووٹنگ کے آخری مرحلے کا اختتام ہوا، جبکہ سرکاری نتائج اس ہفتے کے آخر میں متوقع ہیں۔ تاہم پارٹی رہنماؤں کی جانب سے پیش کیے گئے ابتدائی اعداد و شمار کے مطابق یو ایس ڈی پی نے پارلیمان کے دونوں ایوانوں میں بھاری اکثریت حاصل کی ہے۔ یو ایس ڈی پی کا دعویٰ ہے کہ اس نے ایڈوانس ووٹنگ کے ذریعے ایوانِ بالا کی تمام 167 نشستیں جیت لی ہیں۔

مبصرین کے مطابق یہ انتخابات صرف مخصوص علاقوں تک محدود تھے، یعنی وہ شہر اور قصبے جو مکمل طور پر فوجی حکومت کے کنٹرول میں ہیں۔ گزشتہ سال کے آغاز میں جب فوجی حکومت نے انتخابات کرانے کے منصوبے کا اعلان کیا تو اس کے بعد اس نے منظم طریقے سے بڑی سیاسی جماعتوں، جن میں نیشنل لیگ فار ڈیموکریسی (این ایل ڈی) اور کئی نسلی سیاسی گروہ شامل ہیں، کی رجسٹریشن منسوخ کر دی۔

میانمار کے فوجی سربراہ من آنگ ہلاینگ نے ملک کے عام انتخابات پر بین الاقوامی تنقید کو مسترد کر دیا ہے۔

# فرانس میں 15 سال سے کم عمر بچوں کیلئے سوشل میڈیا پر پابندی

پیرس، (ایجنسیاں): فرانس کی قومی اسمبلی نے 15 سال سے کم عمر بچوں کے لیے سوشل میڈیا کے استعمال پر پابندی سے متعلق بل منظور کر لیا ہے۔ اس بل کو حتمی قانون بننے کے لیے اب فرانسیسی سینیٹ سے منظوری درکار ہوگی۔ خبر ایجنسی کے مطابق یہ اقدام بچوں کو آن لائن ہراسانی، نفسیاتی دباؤ اور ذہنی صحت کو لاحق بڑھتے خطرات کے پیش نظر اٹھایا گیا ہے۔ بل میں کہا گیا ہے کہ کم عمر بچوں میں سوشل میڈیا کا زیادہ استعمال ذہنی مسائل اور تشدد کے رجحان میں اضافے کا سبب بن رہا ہے۔ بل کے تحت مڈل اسکولوں میں اسمارٹ فون کے استعمال پر عائد پابندی کو ہائی اسکولوں تک بڑھانے کی تجویز بھی دی گئی ہے، تاکہ تعلیمی ماحول بہتر بنایا جا سکے اور بچوں کی توجہ تعلیم پر مرکوز رہے۔ فرانسیسی صدر ایمانوئیل میکروں پہلے ہی نوجوانوں میں بڑھتے تشدد اور منفی رویوں کی ایک بڑی وجہ سوشل میڈیا کو قرار دے چکے ہیں۔ وہ آسٹریلیا کی طرز پر فرانس میں بھی کم عمر بچوں کے لیے سوشل میڈیا کے استعمال پر مکمل پابندی کے حامی ہیں۔

# ہندوستانی جمہوریت: اتحاد، تنوع اور مشترکہ مستقبل: مولانا ابوالقاسم

## نفرت، تعصب اور فرقہ واریت نہ صرف سماج کو کمزور کرتی ہیں بلکہ جمہوری اقدار کے لیے بھی خطرہ بنتی ہیں



سڈنی، (پریس ریلیز): شیعہ علماء کونسل آف وکٹوریہ آسٹریلیا کے صدر معروف عالم دین مولانا سید ابوالقاسم رضوی نے اپنے ایک بیان میں کہا کہ ہندوستان دنیا کی سب سے بڑی جمہوریت ہونے کے ساتھ ساتھ تہذیبی تنوع اور مذہبی ہم آہنگی کی ایک منفرد مثال ہے۔ یہ وہ ملک ہے جہاں مختلف مذاہب، زبانیں، ثقافتیں اور قومیتیں صدیوں سے ایک دوسرے کے ساتھ مل جل کر رہتی آئی ہیں۔ اسی تنوع میں وحدت نے ہندوستانی جمہوریت کو مضبوط بنیاد فراہم کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہندوستانی آئین جمہوریت کی روح ہے، جو ہر شہری کو بلا تفریق مذہب و نسل مساوی حقوق عطا کرتا ہے۔ آزادیِ اظہار، مذہبی آزادی، عدل و انصاف اور ووٹ کا حق اس جمہوری نظام کے بنیادی ستون ہیں۔ عوام کی شرکت اور رائے سے حکومت کا انتخاب جمہوریت کو محض ایک نظام نہیں بلکہ ایک زندہ عمل بنا دیتا ہے۔ مولانا موصوف نے آگے کہا کہ ہندوستان کی گنگا جمنی تہذیب ہندو مسلم یکجہتی کی روشن علامت ہے۔ تاریخ گواہ ہے کہ ہندو اور مسلمان ایک دوسرے کے دکھ سکھ میں شریک رہے ہیں۔ تہوار، زبان، لباس اور روایات میں یہ اشتراک ہماری سماجی ہم آہنگی کو ظاہر کرتا ہے۔ یہی بھائی چارہ آزادی کی جدوجہد میں بھی نمایاں رہا، جہاں ہر مذہب کے لوگوں نے مل کر قربانیاں دیں۔ مولانا ابوالقاسم نے کہا کہ آج جب دنیا مختلف چیلنجز سے گزر رہی ہے، ایسے وقت میں ہندوستانی جمہوریت کی سب سے بڑی ضرورت باہمی احترام، رواداری اور اتحاد ہے۔ نفرت، تعصب اور فرقہ واریت نہ صرف سماج کو کمزور کرتی ہیں بلکہ جمہوری اقدار کے لیے بھی خطرہ بنتی ہیں۔ اس کے برعکس، ہندو مسلم یکجہتی ملک کی ترقی، امن اور استحکام کی ضمانت ہے۔ انہوں نے کہا کہ ملک کو درپیش مسائل جیسے بے روزگاری، غربت اور ناانصافی کا حل اسی وقت ممکن ہے جب جمہوریت کی اصل روح کو سمجھا جائے اور اجتماعی ذمہ داری کا مظاہرہ کیا جائے۔ ایک مضبوط جمہوریت وہی ہوتی ہے جہاں انصاف سب کے لیے ہو اور ترقی کے ثمرات ہر طبقے تک پہنچیں۔

معروف عالم دین مولانا سید ابوالقاسم رضوی نے آخر بیان میں کہا کہ یہ کہنا بے جا نہ ہوگا کہ ہندوستان کی طاقت اس کی جمہوریت اور اس کی کمزوری بھی اسی کے تحفظ سے جڑی ہے۔ اگر ہم اتحاد، بھائی چارے اور آئینی اقدار کو مضبوط رکھیں تو یقیناً ہندوستان ایک پرامن، خوشحال اور ترقی یافتہ ملک کے طور پر دنیا میں اپنی مثال آپ بنا رہے گا۔

# افغانستان میں انسانی حقوق خطرے میں، طالبان کے تعزیری ضابطے پر کڑی تنقید



کابل، (ایجنسیاں): افغانستان میں طالبان حکومت کی جانب سے متعارف کرائے گئے تعزیری سزاؤں سے متعلق ضابطہ قانون کو افغان عوام سمیت عالمی برادری نے مسترد کر دیا ہے۔ انسانی حقوق کے ماہرین، سابق افغان حکام اور عالمی اداروں کا کہنا ہے کہ یہ ضابطہ شہری آزادیوں کو دبانے اور معاشرے کو خوف کے ذریعہ کنٹرول کرنے کی کوشش ہے۔ اقوام متحدہ میں افغانستان کے لیے انسانی حقوق کے خصوصی نمائندے رچرڈ بینیٹ نے خبردار کیا ہے کہ سزاؤں سے متعلق اس دستور کے نتائج نہایت سنگین ہوں گے اور اس سے انسانی حقوق کی صورتحال مزید خراب ہو سکتی ہے۔ افغان قومی سلامتی کے سابق سربراہ رحمت اللہ نبیل نے اس ضابطے کو مذہب کا سیاسی استعمال اور سخت گیر سوچ کی عکاسی قرار دیا۔ ان کے مطابق اس طرح کے قوانین معاشرے میں انصاف کے بجائے جبر کو فروغ دیتے ہیں۔

آسٹریا میں افغانستان کی سفیر منیژہ بختری نے کہا کہ نیا ضابطہ ایک آمرانہ نظریے کی نمائندگی کرتا ہے، جس میں قانون کو انصاف کے بجائے سماجی کنٹرول کا ذریعہ بنایا جا رہا ہے۔ قانونی ماہرین کے مطابق یہ تعزیری ضابطہ انسانی وقار، شہری مساوات اور قانونی انصاف کی بنیادی اقدار کو پامال کرتا ہے جبکہ افغانستان ویمنز جسٹس موومنٹ نے کہا ہے کہ یہ قانون تشدد اور امتیاز کو سرکاری طور پر جائز قرار دیتا ہے۔ افغان شہریوں نے بھی سوشل میڈیا پر اس ضابطے کو تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے کہا ہے کہ اس میں بے رحمانہ سماجی درجہ بندی اور ظالمانہ امتیاز کو فروغ دیا جا رہا ہے۔ ماہرین کا کہنا ہے کہ طالبان حکومت کے ان اقدامات سے افغانستان میں انسانی حقوق مزید متاثر ہوں گے اور معاشرتی و سیاسی ڈھانچہ شدید کمزور ہو جائے گا۔

# غزہ سے 843 دن بعد آخری اسرائیلی یرغمالی کی باقیات بھی مل گئیں

## اسرائیلی پولیس سارجنٹ حماس کے 7 اکتوبر 2023 کے حملے میں مارا گیا تھا اور لاش غزہ کے قبرستان سے ملی




تل ابیب، (ایجنسیاں): غزہ کے ایک قبرستان سے آخری یرغمالی اسرائیلی شہری کی باقیات بھی مل گئیں۔ خبروں کے مطابق 7 اکتوبر 2023 کو حماس کے حملے میں ہلاک ہونے والے اسرائیلی پولیس افسر ماسٹر سارجنٹ 24 سالہ رَن گویلی کی باقیات بھی مل گئیں۔ عالمی خبر رساں ادارے کے مطابق اسرائیلی فوج کو پولیس افسر کی باقیات غزہ شہر کے ایک قبرستان سے ملی تھیں جسے اسرائیل لایا گیا ہے۔ اسرائیلی حکام کے مطابق مخصوص انٹیلی جنس معلومات کی بنیاد پر غزہ سٹی کے مشرقی حصے میں ایک مسلم قبرستان میں تلاش شروع کی گئی تھی۔ کئی روز کی کھدائی اور فرانزک جانچ کے بعد دانتوں کے ریکارڈ، فنگر پرنٹس اور دیگر ٹیسٹوں سے رن گویلی کی شناخت کی تصدیق ہوئی۔ رن گویلی اُن 251 افراد میں سے آخری تھے جنہیں 7 اکتوبر 2023 کو حماس نے حملے کے بعد یرغمال بنایا تھا۔ اس طرح 843 دن بعد اب غزہ میں کوئی اسرائیلی یرغمالی باقی نہیں رہا۔ اسرائیلی فوج نے دعویٰ کیا کہ رَن گویلی 7 اکتوبر کو زخمی کندھے کے باوجود یونیفارم پہن کر موٹر سائیکل پر کیبوتز الومیم پہنچے جہاں انہوں نے گھنٹوں حملہ آوروں کا مقابلہ کیا اور مارے گئے۔ بعدازاں ان کی لاش غزہ منتقل کیے جانے کی تصدیق ہوئی تھی۔

اسرائیلی فوج کے بقول انٹیلی جنس اداروں کے ساتھ مشترکہ کارروائی کے دوران ایک گرفتار فلسطینی اسلامی جہاد کارکن نے باقیات سے متعلق اہم معلومات فراہم کی تھیں۔ جس کے بعد قبرستان میں درجنوں اہلکاروں اور فرانزک ماہرین جن میں 20 ڈینٹسٹ بھی شامل تھے، نے سیکڑوں قبروں کی کھدائی کی تھی۔ اسرائیلی فوج نے دعویٰ کیا کہ رن گویلی کی باقیات کی تصدیق ہونے کے بعد قبروں سے نکالی گئی دیگر لاشوں کو احترام کے ساتھ دوبارہ دفن کیا جائے گا۔ یاد رہے کہ یہ پیش رفت اکتوبر 2025 کی جنگ بندی کے تناظر میں ہوئی جس کے تحت زندہ اور فوت شدہ یرغمالیوں کی واپسی طے تھی۔ حماس نے کہا کہ لاش کی واپسی جنگ بندی کی پاسداری کا ثبوت ہے جبکہ نیتن یاہو نے زور دیا کہ اگلا مرحلہ حماس کو غیر مسلح کرنا اور غزہ کی عسکریت کا خاتمہ ہے۔

اسرائیلی ذرائع کے مطابق رن گویلی کی باقیات کی واپسی کے بعد جنگ بندی معاہدے کے تحت اسرائیل غزہ کی وزارتِ صحت کے حوالے کم از کم 15 فلسطینی قیدیوں کی لاشیں کرے گا۔

# قابض اسرائیل نے ترکیہ کی فلسطین نواز شخصیات پر پابندی لگانے کے بعد انہیں بلیک لسٹ کر دیا





غزہ: قابض اسرائیل نے فلسطین کے حامی درجنوں ترک شخصیات کے مقبوضہ فلسطینی علاقوں میں داخلے پر پابندی عائد کر دی ہے اور انہیں نام نہاد بلیک لسٹ میں شامل کر لیا ہے۔ اس اقدام کا ہدف مذہبی فلاحی میڈیا اور تعلیمی شعبوں سے وابستہ وہ شخصیات بنیں جو قضیہ فلسطین کی حمایت اور غزہ کے لیے امدادی سرگرمیوں میں سرگرم ہیں۔

قابض اسرائیل کی وزارتِ امورِ مہاجرین نے اعلان کیا ہے کہ 29 ترک شخصیات کو اس فہرست میں شامل کیا گیا ہے جن میں سرِفہرست ترک صدر طیب ایردوآن کے صاحبزادے بلال ایردوآن شامل ہیں۔ وزارت خارجہ کے مطابق یہ فیصلہ ان تمام مقبوضہ فلسطینی علاقوں میں داخلے پر پابندی کا احاطہ کرتا ہے اور ان کے نام ان تمام کراسنگ پوائنٹس پر درج کر دیے گئے ہیں جن پر قابض اسرائیل کا کنٹرول ہے۔

عبرانی ذرائع کے مطابق اس فہرست میں نمایاں شخصیات شامل ہیں جن میں ترکیہ کی انسانی امدادی تنظیم 'آئی ایچ ایچ' کے سربراہ بولنت یلدرم بھی شامل ہیں جن کا تعلق ماوی مرمرہ جہاز سے رہا ہے۔ اس کے علاوہ ترکیہ کے سابق سربراہ برائے مذہبی امور علی ارباش بھی فہرست میں شامل ہیں جبکہ فلاحی دعوتی میڈیا اور تعلیمی میدان سے وابستہ دیگر سرگرم شخصیات کو بھی نشانہ بنایا گیا ہے۔

قابض اسرائیل نے اپنے فیصلے کا جواز یہ پیش کیا ہے کہ فہرست میں شامل شخصیات قابض اسرائیل کے بائیکاٹ کی دعوت دیتی ہیں اور اس کی نام نہاد قانونی حیثیت کو چیلنج کرنے کے لیے سرگرم ہیں بالخصوص اس پس منظر میں کہ وہ غزہ کی پٹی پر جاری نسل کش جنگ کے خلاف کھلے عام مؤقف اختیار کرتی رہی ہیں۔

اسی تناظر میں قابض اسرائیل کے انتہا پسند وزیر برائے امورِ مہاجرین عمیحائی شیکلی نے ترکیہ کو دشمن ریاست قرار دیا اور اسے اس نام نہاد محورِ شر کا حصہ بتایا۔ یہ اشتعال انگیز بیانات دونوں فریقوں کے درمیان بڑھتی ہوئی سیاسی کشیدگی کی عکاسی کرتے ہیں۔

عبرانی ویب سائٹس کے مطابق قابض حکام نے ناموں کی مکمل فہرست کو جان بوجھ کر خفیہ رکھا ہے تاکہ انقرہ پر سیاسی دباؤ ڈالا جا سکے۔ یہ اقدام اس وقت سامنے آیا ہے جب عالمی سطح پر قابض اسرائیل کے بائیکاٹ کی مہمات میں تیزی اور غزہ کے ساتھ یکجہتی کی لہر زور پکڑ رہی ہے۔ یہ پیش رفت ان چند ماہ بعد سامنے آئی ہے جب استنبول میں ترکیہ کی استغاثہ نے ایک غیر معمولی قدم اٹھاتے ہوئے گذشتہ نومبر میں 37 افراد کے خلاف وارنٹ گرفتاری جاری کیے تھے۔ ان میں قابض اسرائیل کے وزیر اعظم بنجمن نیتن یاھو بھی شامل تھے جن پر غزہ کی پٹی میں فلسطینیوں کے خلاف نسل کشی اور انسانیت کے خلاف جرائم کے الزامات عائد کیے گئے تھے۔

ترک استغاثہ نے اپنے سابقہ بیان میں کہا تھا کہ غزہ میں قابض اسرائیل کی جانب سے کیے گئے جرائم کے نتیجے میں ہزاروں فلسطینی شہید ہوئے جن میں خواتین اور بچے شامل ہیں جبکہ ہزاروں زخمی ہوئے۔ اس کے ساتھ ساتھ مکمل رہائشی علاقوں اور شہری بنیادی ڈھانچے کو نیست و نابود کر دیا گیا۔

وارنٹس میں بنجمن نیتن یاھو کے ساتھ قابض اسرائیلی وزیر یسرائیل کاٹز فوج کے سربراہ ایال زامیر بحریہ کے کمانڈر ڈیوڈ ساعر اور انتہا پسند وزیر ایتمار بن گویر بھی شامل تھے۔ ترک استغاثہ نے متعدد جرائم کی دستاویزات بھی جمع کیں جن میں معصوم بچی ہند رجب کا قتل شامل ہے جس پر سیکڑوں گولیاں برسائی گئیں۔ اس کے علاوہ سات اکتوبر کے بعد قتل و غارت میں تیزی المعمدانی ہسپتال کا قتل عام اور غزہ کی پٹی میں ہسپتالوں اور طبی تنصیبات کی تباہی بھی شامل ہے جن میں ترک فلسطینی دوستی ہسپتال پر بمباری بھی شامل ہے۔

# گویلی کی لاش کے کوآرڈینیٹس تین ہفتے پہلے دیے تھے، قابض اسرائیل نے دانستہ تاخیر کی: ابوحمزہ



غزہ: اسلامی جہاد کے عسکری ونگ سرایا القدس کے ترجمان ابوحمزہ نے بتایا ہے کہ سرایا القدس نے تین ہفتے قبل ہی قابض اسرائیلی قیدی ران گویلی کی لاش کے درست کوآرڈینیٹس ثالثوں کے حوالے کر دیے تھے۔ یہ اقدام اس وقت دستیاب ہونے والی نئی معلومات کی بنیاد پر کیا گیا تھا۔

ابوحمزہ نے ٹیلیگرام پر جاری اپنے بیان میں واضح کیا کہ قابض اسرائیل نے دانستہ طور پر رابطہ کاری اور تلاش کے عمل میں ٹال مٹول سے کام لیا حالانکہ ثالثوں کو مکمل کوآرڈینیٹس فراہم کر دیے گئے تھے۔

اس سے قبل کل سوموار کو قابض اسرائیلی فوج نے اعلان کیا تھا کہ اسے غزہ کی پٹی میں آخری قیدی ران گویلی کی لاش مل گئی ہے۔

اسلامی تحریک مزاحمت 'حماس' نے اس موقع پر اس بات کی تصدیق کی کہ مزاحمت نے قابض اسرائیلی قیدی کی لاش کی تلاش کے معاملے میں بھرپور کوششیں کیں اور ثالثوں کو لمحہ بہ لمحہ ضروری معلومات فراہم کیں جس کے نتیجے میں لاش تک پہنچنا ممکن ہوا۔ یہ تمام اقدامات قومی ذمے داری کے احساس اور طے شدہ معاہدوں کی پاسداری کے تحت کیے گئے۔ حماس نے اس امر پر بھی زور دیا کہ یہ پیش رفت سیز فائر معاہدے کے پہلے مرحلے کی تمام ذمہ داریوں کو پورا کرنے کے سلسلے کی کڑی ہے اور مزاحمت نے اپنی تمام تر ذمہ داریاں واضح اور ذمہ دارانہ انداز میں نبھائی ہیں۔

# ایران پر کوئی حملہ خطے میں آگ بھڑکا سکتا ہے: حزب اللہ



بیروت: حزب اللہ کے سیکرٹری جنرل نعیم قاسم نے خبردار کیا ہے کہ اگر ایران پر کوئی جنگ مسلط کی گئی تو یہ "اس مرتبہ پورے خطے کو آگ میں دھکیل سکتی ہے"، اور واضح کیا کہ اسلامی جمہوریہ ایران "گزشتہ 43 سال سے ہمیں حمایت فراہم کر رہا ہے اور اب بھی زمین کی آزادی کے جائز مقصد میں مدد دے رہا ہے"۔ نعیم قاسم نے کہا کہ حزب اللہ کسی بھی حال میں غیر جانبدار نہیں رہے گی اگر قابض اسرائیل اور امریکہ ایران پر حملہ کریں۔ انہوں نے مزید کہا کہ حزب اللہ "موقع پر حالات کے مطابق فیصلہ کرے گی کہ کس طرح کارروائی کی جائے"۔ یہ بیانات قاسم نے لبنان کے جنوبی ضلع میں مجمع سید الشہداء اور شہر النبطیہ کے الحسینی کلب میں دو عوامی اجتماعات کے دوران دیئے، جو اسلامی جمہوریہ ایران کے ساتھ یکجہتی کے نعرے کے تحت منعقد ہوئے۔

اپنی تقریر میں قاسم نے کہا کہ کچھ وفود حزب اللہ سے پوچھتے تھے کہ آیا وہ مداخلت کرے گی تاکہ معلوم ہو سکے کہ اسرائیل پہلے ایران پر حملہ کرے گا یا لبنان پر اور واضح کیا کہ حزب اللہ "ایران پر کسی حملے کی صورت میں غیر جانبدار نہیں رہے گی"۔

نعیم قاسم نے امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی جانب سے امام سید علی خامنہ ای کے لیے کیے گئے دھمکی آمیز بیانات کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ یہ دھمکی کسی فرد کے لیے نہیں بلکہ اس رہنما کے لاکھوں پیروکاروں کے لیے ہے اور اسی وقت حزب اللہ کے لیے براہ راست خطرہ ہے۔

انہوں نے کہا کہ اس دھمکی کا سامنا کرنے کے لیے پوری طرح تیار رہنا اور تمام ضروری اقدامات کرنا لازمی ہے، کیونکہ امام خامنئی کو نشانہ بنانا خطے اور دنیا میں استحکام کے لیے قاتلانہ اقدام کے مترادف ہے، کیونکہ ولی فقیہ کے حامی وسیع پیمانے پر پھیلے ہوئے ہیں۔

نعیم قاسم نے اس بات پر بھی زور دیا کہ حزب اللہ ولی فقیہ کی قیادت پر مکمل یقین رکھتا ہے "ایمان اور اصول کی بنیاد پر"، اور امام سید علی خامنئی کو ولی فقیہ قرار دیا جو "امام مہدی کی غیبت میں ذمہ داری اٹھاتے ہیں اور امام معصوم کے نائب ہیں"۔

قاسم نے اپنے بیانات کے آخر میں کہا کہ اسلامی جمہوریہ ایران کا قیام اور اس کی کامیاب انقلاب امریکی اور اسرائیلی مفادات کے لیے سب سے بڑا دھچکہ ہے، اور واشنگٹن سنہ 1979ء سے ایران کے خلاف ہے کیونکہ وہ ایک آزاد اور خودمختار ملک کو برداشت نہیں کر سکتی جو دنیا کے مظلوم مسلمانوں کے لیے رہنما اور مرجعیت کا مرکز ہے۔

# بن گویر امریکی ایلچیوں پر سخت برہم، سموٹریچ کا غزہ پر فوجی اقتدار کا مطالبہ



غزہ: قابض اسرائیل کے حکومتی حلقوں نے سیکورٹی اور سیاسی امور سے متعلق وزارتی کونسل کے اجلاس کے دوران امریکی ایلچی اسٹیو وٹکوف اور جیرید کشنر کو سادہ لوح قرار دیا جبکہ وزیر خزانہ بزلیل سموٹریچ نے غزہ کی پٹی پر فوجی اقتدار مسلط کرنے کا مطالبہ کیا۔ یہ بات عبرانی میڈیا نے اس وقت بتائی جب غزہ کے مستقبل اور جنگ بندی معاہدے کے دوسرے مرحلے پر عمل درآمد کے حوالے سے اندرونی مباحث جاری ہیں۔

قابض اسرائیل کے چینل 12 نے پیر کے روز انتہا پسند وزیر قومی سلامتی ایتمار بن گویر جو یہودی طاقت پارٹی کے سربراہ ہیں کے حوالے سے بتایا کہ انہوں نے اتوار کی شام اجلاس کے دوران کہا ہم نے اب تک حماس کو مکمل طور پر تباہ نہیں کیا اور ہمیں اسے توڑنا اور غیر مسلح کرنا ہوگا۔

بن گویر نے مزید کہا کشنر اور وٹکوف کی سادہ لوحی بہت ہو چکی ہے اور اگر رفح کراسنگ کھولی گئی تو یہ ایک بڑی غلطی اور نہایت منفی پیغام ہوگا۔ یہ بیان غزہ کی پٹی اور مصر کے درمیان سرحدی گزرگاہ کو دوبارہ کھولنے کی امریکی کوششوں کے تناظر میں سامنے آیا ہے۔

یہ بیانات ایسے وقت میں سامنے آئے ہیں جب جنوری کے وسط میں جنگ بندی معاہدے کا دوسرا مرحلہ شروع ہوا جس کی شقوں میں غزہ کی پٹی میں حماس اور دیگر فلسطینی دھڑوں کو غیر مسلح کرنے کی شرط بھی شامل ہے۔ اسلامی تحریک مزاحمت حماس اپنے ہتھیاروں پر ڈٹی ہوئی ہے اور اس نے انہیں ذخیرہ یا منجمد کرنے کی تجویز پیش کی ہے جبکہ اس بات پر زور دیا ہے کہ وہ فلسطینی سرزمین پر قابض اسرائیل کے قبضے کے مقابل ایک مزاحمتی تحریک ہے۔

قابض اسرائیلی وزیر اعظم بنجمن نیتن یاھو جس پر غزہ میں جنگی جرائم کے باعث عالمی فوجداری عدالت میں مقدمہ چل رہا ہے رفح کراسنگ کی بحالی کو اسرائیلی فوج کے سارجنٹ میجر ران گویلی کی باقیات کی تلاش کی تکمیل سے مشروط کر رہے ہیں جو غزہ کی پٹی میں آخری اسرائیلی قیدی تھا۔

قابض اسرائیلی فوج نے مئی سنہ 2024ء میں رفح کراسنگ کے فلسطینی حصے پر قبضہ کیا تھا جو امریکہ کی حمایت سے اکتوبر سنہ 2023ء میں غزہ پر مسلط کی گئی نسل کش جنگ کا حصہ تھا جو لگ بھگ دو برس تک جاری رہی۔

کابینہ کے اجلاس میں امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے غزہ سے متعلق منصوبے کے دوسرے مرحلے پر عمل درآمد اور رفح کراسنگ کی ممکنہ بحالی پر بھی غور کیا گیا۔ یہ اجلاس اس ملاقات کے بعد ہوا جو نیتن یاھو نے ہفتے کی شام کوشنر اور وٹکوف کے ساتھ آئندہ اقدامات پر مشاورت کے لیے کی تھی جبکہ کئی وزرا نے اس منصوبے کی مخالفت کی۔

اسی تناظر میں چینل 12 نے وزیر خزانہ بزلیل سموٹریچ جو مذہبی صہیونیت پارٹی کے سربراہ ہیں کے حوالے سے بتایا کہ انہوں نے اجلاس میں کہا اگر ہم غزہ پر فوجی اقتدار قائم نہیں کرتے تو اس کا مطلب فلسطینی ریاست کا قیام ہوگا۔

دوسری جانب اسی پارٹی سے تعلق رکھنے والی وزیر آبادکاری اوریت ستروک نے کہا ہم غزہ کو اپنے بچوں کے خون کے بدلے فلسطینی اتھارٹی کے حوالے کر رہے ہیں۔

لیکود پارٹی سے تعلق رکھنے والی وزیر مواصلات میری ریگیو نے بھی اسی مؤقف کی حمایت کرتے ہوئے کہا ہمیں اس بات کو یقینی بنانا ہوگا کہ غزہ میں حکومت نہ حماس ہو اور نہ فلسطینی اتھارٹی۔ یہ بیان غزہ میں کسی بھی فلسطینی سیاسی انتظام کے انکار کی واضح عکاسی کرتا ہے۔

یہ بیانات قابض اسرائیل کی حکومت کے اندر غزہ کے مستقبل پر بڑھتی ہوئی خلیج کو ظاہر کرتے ہیں جہاں ایک طرف امریکہ اور عالمی دباؤ کے تحت کشیدگی میں کمی کی کوششیں جاری ہیں جبکہ دوسری جانب انتہا پسند دائیں بازو فوجی کنٹرول کے پھیلاؤ اور کسی بھی فلسطینی سیاسی حل کو یکسر مسترد کرنے پر اڑا ہوا ہے۔

Sahafat Urdu Daily Birmingham (U.K.) Web Edition, Published by Nagma Amir from Teddington Grove, Perry Barr, Birmingham B 42IRG U.K.
Proprietor and Group Editor: Aman Abbas, Resident Editor: Amir Mehdi, (Responsible for the selection of News ) Bureau Chief: Nagma Amir, E-mail: naghmaamir@rediffmail.com, Mobile:+447897386368

